سوال

(896)امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے کن کن مسائل سے رجوع کیا تھا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے کن کن مسائل سے رجوع کیا تھا؟ مولانا صفدر عثمانی

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تفصیل کتابوں میں دیکھ لیں سر دست مجھے یاد ہے جرابوں پر مسح والے مسئلہ میں ان کا رجوع ہدایہ میں مذکور ہے اور خلق قرآن والے مسئلہ میں ان کا رجوع تاریخ بغداد اور التنکیل میں لکھا ہے نیز کتاب ماتریدیہ ص ۲۷۰ ج ۱ میں لکھا ہے ''ولکن الامام اباجعفر الطحاوی الخ''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد01ص571

محدث فتویٰ